## سوال

کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سے ڈائریکٹ کلام کیا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ کہتے ہیں کہ معراج کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ نے ڈائریکٹ کلام کیا۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

معراج کے موقعہ پر نبی کریم کی اللہ تعالی سے گفتگو کرنا توثابت ہے، مگروہ آمنے سامنے کی بجائے پردوں میں رہ کر کی گئی تھی۔

سیدنا ابوذر سے مروی ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ سے پوچھا: س ''ہَلْ رَأَیْتَ رَبَّکَ؟ قَالَ: «نُورٌ أَنَّی أَرَاهُ» (صحیح مسلم: ۱۷۸)

''کیا آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ فرمایا: (اس کا حجاب) نور ہے، میں کیسے دیکھتا؟''

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**فتوی کمیٹی**

**محدث فتوی**